# صحیفہ ہمام بن منبہ رح

## اردو ترجمہ

ندیم ایاز

مکتبہ دارالرحیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## مقدمہ

الحمد للہ ، اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے آج اس کتاب کی تکمیل ہوئی میں نے خود اپنے لئے اس کتاب کو بہت مفید پایا اور کیوں نہ ہو کہ یہ تو احادیث مصطفی ﷺ ہیں ۔ اس کتاب میں 139 احادیث ہیں میں نے احادیث کا عربی متن ذکر نہیں کیا ہے صرف ترجمہ پر اکتفاء کیا ہے ۔ احادیث کا مجموعہ آپ کے ہاتھوں میں ہے جن کا سمجھنا ہر خاص و عام کے لئے بالکل آسان ہے ۔ پھر بھی کسی جگہ مشکل پیش آئے تو اپنے محلے کے علماء سے پوچھ لیا کریں یا مجھ سے واٹس ایپ نمبر پہ رابطہ کریں ۔ یہ سب کام اس نیت سے کیا ہے کہ اختصار ہو اور زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوسکیں ۔ یہ کتاب علماء، طلباء اور عوام سب کے لئے مفید ہے ۔ احادیث کے ساتھ تخریج بھی ذکر ہے پھر بھی علماء سے درخواست ہے کہ جہاں کہیں بھی کسی بھی قسم کی غلطی ہوئی ہوتو مجھے ضرور آگاہ کرلیں تاکہ آیندہ اسے غلطیوں سے پاک کرکے مزید بہتر بنایا جاسکے ۔ میں اپنے بہن بھائیوں اور شاگردوں سے خصوصی طور پر اور تمام مسلمانوں سے عمومی طور پہ درخواست کرتا ہوں کہ اس کتاب کو اپنے گھروں میں روزانہ کی بنیاد پر بیوی بچوں کو پڑھا لیا کریں۔ سکول کالج اور کمپنیوں کے انتظامیہ سے درخواست ہے کہ کچھ وقت درس قران و حدیث کے لئے بھی دے دیں طلباء کے مثبت کردار کی تعمیر میں یہ ایک اہم پیش رفت ہوگی ۔ یہ کتاب ایک آسان

اور قابل فہم مجموعہ ہے تشریح کے بغیر صرف احادیث ذکر کی گئی ہیں۔ یہ تمام مسلمانوں کے لئے ہے کسی خاص مسلک، فرقے یا تنظیم کی کتاب نہیں ہے ۔ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اس کتاب کو تمام مسلمانوں کے لئے نافع بنائے اور صدقہ جاریہ بنادے آمین ۔ اللہ تعالیٰ سے میرے لئے ، میرے والدین ، بیوی بچوں اور بہن بھائیوں کے لئے دعا کیجئے ۔ کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دنیا اور آخرت کی بھلائیاں عطا فرمائے ۔ تمام عالم اسلام کو بلکہ تمام انسانیت کو دعا میں یاد رکھا کریں اللہ تعالیٰ سے آپ کے لئے دعاگو ہوں ۔ جزاک اللہ خیرا

قاری شیخ ندیم ایاز حفظه الله تعالیٰ

10 ستمبر 2021

whatsapp 00923172134743

Peaceofmindna.com website

Peaceofmind.na facebook page

## مختصر تعارف

میں نے قرآن کریم قاری نورالامین صاحب کے پاس حفظ کیا آخری 4 پارے بنوری ٹاون میں ۱۱ دن میں حفظ کئے ۔ حفظ دور قاری ظاہرصاحب کے پاس کیا ، درس نظامی کی کتابیں شیخ عبدالوکیل صاحب ، عنایت اللہ صاحب، شیر عالم صاحب ، روح الامین صاحب ، عبدالروف صاحب ، ہاشم صاحب اور صدرا لشہید صاحب اور بھی علماء سے کتابیں پڑھیں میں ان سب کے لئے دعا گو ہوں ۔

دورہ تفسیر القرآن شیخ عبدالسلام رحمہ اللہ، شیخ امین اللہ صاحب ، شیخ افضل خان شاہ پور شیخ ، شیخ طیب صاحب ، شیخ امیر حسین باچا صاحب ، شیخ ولی اللہ رحمہ اللہ اور شیخ روح الامین صاحب سے کئے ۔

اتحاد المدارس مردان اور وفاق المدارس السلفیہ فیصل آباد سے درس نظامی کے امتحانات دئیے ۔ تجوید اور حفظ کی بھی وفاق سے امتحان دیئے اور سب کے سند حاصل کئے ۔ ادیب عربی کا امتحان دیا اور سند حاصل کی ۔

تقابل ادیان کے تمام کورسز کئے ۔ اور اس کے علاوہ علم نفسیات میں بی ایس کیا ، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف منیجمنٹ سے انڈسٹریل اینڈ ارگنائزیشنل سائکالوجی میں ڈپلومہ کیا ،ہیپی لائف سائکولوجیکل سروسز سے چھ مہینے کا کورس کلینیکل سائکالوجی میں کیا ۔ کمپلیمینٹری تھراپیز میں ڈپلومہ

سری لنکا سے ، این ایل پی اور ہپناسز کورسز سر ارسلان لاڑیک اور سر سدید مرزا کے ذریعے امریکن بورڈ آف نیورولنگویسٹک پروگرامنگ سے کیا ،پریسٹن یونیورسٹی سے ڈاکٹر عمران صاحب سے این ایل پی کے ایک سالہ کورس میں داخلہ لیا لیکن ایک سیمیسٹر کے بعد مکمل نہیں کرسکا  اور اسی طرح کئی آن لائن کورسز مکمل کئے اور ایک خاصی تعداد میں سیمینارز اور ورکشاپس اٹینڈ کئے ۔

عمرہ کے سفر میں جدہ ، مکہ ۔ مدینہ، طائف اور خیبر کے علاقوں کی زیارت نصیب ہوئی الحمد للہ ۔ دبئ کے سفر میں ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کے تین روزہ پیس کانفرنس میں شرکت کی اور مختلف خوبصورت مقامات اور خصوصا ابوظہبی کی مشہور شیخ زید مسجد جانا ہوا۔

13 مرتبہ خود دورہ تفسیر القرآن کے درس دئے مختلف مقامات پر ۔ اس کے علاوہ روزانہ کے دروس اور جمعہ کے خطبات اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بے شمار ہیں ۔

بہت سے طلباء اور طالبات نے مجھ سے قرآن و حدیث سیکھا میں ان سب کے لئے دعا گو ہوں یہ سب میرے اور میرے اساتذہ کے لئے صدقہ جاریہ ہیں ۔

## صحیفہ ہمام ابن منبہ

صحیفہ ہمام ابن منبہ جس کا اصل نام الصحیفۃ الصحیحہ ہے۔ یہ ہمام بن منبہ، ابوہریرہ کے شاگرد ہیں۔ جنہوں نے یہ صحیفہ (جس میں 138 حدیثیں درج ہیں) لکھ کر اپنے استاد ابوہریرہ (وفات:58ھ) پر پیش کر کے اس کی تصحیح و تصویب کرائی تھی۔ گویا یہ صحیفہ سن 58 ہجری سے بہرحال پہلے ہی ضبط تحریر میں لایا گیا تھا۔ اس کا ایک قلمی نسخہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے سن 1933ء میں برلن کی کسی لائیبریری سے ڈھونڈ نکالا۔ اور دوسرا مخطوطہ دمشق کی کسی لائیبریری سے۔ پھر ان دونوں نسخوں کا تقابل کر کے 1955ء میں حیدرآباد دکن سے شائع کیا۔ اس صحیفے میں کل 138 احادیث ہیں۔ عبد الرحمٰن کیلانی لکھتے ہیں:

” صحیفہ ہمام بن منبہ ، جسے ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے حال ہی میں شائع کیا ہے، ہمیں یہ دیکھ کر کمال حیرت ہوتی ہے کہ یہ صحیفہ پورے کا پورا مسند احمد بن حنبل میں مندرج ہے۔ اور بعینہ اسی طرح درج ہے جس طرح

قلمی نسخوں میں ہے ماسوائے چند لفظی اختلافات کے، جن کا ذکر ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے کر دیا ہے۔ لیکن جہاں تک زبانی روایات کی وجہ سے معنوی تحریف کے امکان کا تعلق ہے، اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اب دیکھیے احمد بن حنبل کا سنہ وفات 240ھ ہے۔ بعینہ صحیفہ مذکور اور مسند احمد بن حنبل میں تقریباً 200 سال کا عرصہ حائل ہے۔ اور دو سو سال کے عرصے میں صحیفہ ہمام بن منبہ کی روایات زیادہ تر زبانی روایات کے ذریعے ہی امام موصوف تک منتقل ہوتی رہیں۔ اب دونوں تحریروں میں کمال یکسانیت کا ہونا کیا اس بات کا واضح ثبوت نہیں کہ زبانی روایات کا سلسلہ مکمل طور پر قابل اعتماد تھا۔

صحیفہ کی اشاعت اور تقابل کے بعد دو باتوں میں ایک بات بہرحال تسلیم کرنا پڑتی ہے:

1 : زبانی روایات ، خواہ ان پر دو سو سال گزر چکے ہوں ، قابل اعتماد ہو سکتی ہیں۔

2 : یہ کہ کتابتِ حدیث کا سلسلہ کسی بھی وقت منقطع نہیں ہوا۔[1]

“

جامعہ الازہر کے معروف عالم ڈاکٹر رفعت فوزی عبد المطلب اس مطبوعہ صحیفے کی تحقیق، تخریج اور شرح کا

کام کر رہے تھے اور وہ آدھا کام کر چکے تھے، حسن اتفاق ایسا ہوا کہ "دارالکتب المصریہ" سے ایک اور مخطوطہ ان کے ہاتھ لگ گیا جو سن 557 ہجری کا مکتوب تھا۔ اس مخطوطے میں ان دونوں کے مقابلے میں ایک حدیث زائد ہے اور یہ زائد حدیث مسند احمد میں شامل صحیفے کی احادیث میں بھی موجود ہے۔ اب ڈاکٹر رفعت فوزی نے اسی مصری مخطوطے کو بنیاد بنا کر کام مکمل کیا۔ اسے "المکتبہ الخانجی" نے پہلی مرتبہ ستمبر 1985ء (بمطابق محرم الحرام 1406ھ) میں قاہرہ سے شائع کیا۔ صحیفہ ہمام بن منبہ کی 139 احادیث کی تفصیل کچھ یوں ہے :

61 - عقائد و ایمانیات

46 - عبادات

9 - معاملات

17 - اخلاق و آداب

9 - متفرقات

12 - احادیث قدسیہ[2]

اس کی اکثر روایات صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں بھی ملتی ہیں، الفاظ ملتے جلتے ہیں کوئی نمایاں فرق نہیں، ابو ہریرہ پہلے احادیث نہیں لکھا کرتے تھے، ممکن ہے کہ انہوں نے کتابت حدیث کا یہ سلسلہ رسول اللہ ﷺ کی وفات

کے بعد شـــروع کیا، یہ بھی ممکن ہے کہ انہوں نے کســـی دوسرے شخص سے احادیث مرتب کرائی ہوں-[3]

حوالہ جات

(1) آئینۂ پرویزیت ، ص:533-534

(2) صـحیفہ ہمام بن منبہ،حافظ عبد اللہ شـمیم،ناشـر: انصـار السنہ پبلیکیشنز لاہور

(3) فتح الباری، ج 1، ص 274

## ہمام بن منبہ

ہمـام بن منبـہ حـافظ الامـت ســـیدنـا ابوہریرہ کے شـــاگرد تھے،حدیث کی اولین ترین کتاب صحیفہ ہمام ابن منبہ ان کی تالیف ہے۔

نام و نسب

أبو عقبہ ہمام بن منبہ بن کامل بن شـــیخ، الیمانی الصـــنعانی الابناوی تابعین کی نسل میں سے تھے۔ آپ کے والد منبہ بن

کامل کے چار فرزند جن کے نام ہمام بن منبہ، وہب بن منبہ، معقل بن منبہ اور غیلان بن منبہ تھے۔

ہمام بن منبہ جنوبی عرب کے باشـــندے تھے جبکہ آپ کی اصـل ایرانی تھی۔ آپ کی ولادت ایک ایسـے فارسـی خاندان میں ہوئی جو طلوع اسلام سے پہلے نوشیروان کسریٰ کے عہد میں ایران سے آکر جنوبی عرب میں رہائش پزیر ہو گیا تھـا۔ یہ لوگ ابنـاء فـارس کہلاتے تھے۔ ابنـاء دراصـــل ان ایرانیوں کی اولاد کو کہتے ہیں جو یمن کو فتح کرنے کے بعد وہیں بس گئے تھے۔ یہ فوج نوشیروان کسریٰ نے سیف بن ذی ایران کی درخواسـت پر حبشـیوں سـے جنگ کرنے کے لیے بھیجی تھی۔

ولادت

ہمام بن منبہ 40ھ بمطابق 660ء صنعاء کے قریب ایک جگہ ذمار میں پیدا ہوئے جہاں آپ کے والد اپنے خاندان کے ساتھ رہـائش پزیر تھے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ الیمـانی صـــنعـانی الابناوی کہلاتے تھے جبکہ آپ کی کنیت ابو عقبہ تھی۔

خاندان

ہمام بن منبہ کے چھوٹے بھائی وہب بن منبہ ایک عرصـــہ تک اپنے وطن میں قاضی رہے۔ همام بن منبہ کی طرح وہب بن منبـہ بھی بہت زاہـد و عـابـد تھے۔ 100ھ میں وہ مکـہ مکرمہ میں موجود تھے۔ یہاں انہوں نے متعدد نـامور فقہاء سـے فیض حاصـل کیا۔ عمر کے بالکل آخری حصـے میں

انہیں یمن میں قید خانے میں ڈال دیا گیا جس کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوئی البتہ وہ دین کی خاطر اس قید پر راضی تھے اور کہتے تھے کہ "رب تعالیٰ نے ہمارے لیے قید مقرر کی تو ہم نے اس کی عبادت اور زیادہ کردی"۔

مرویات

ہمام بن منبہ ایک ثقہ راوی ہیں۔ آپ سیدنا ابوہریرہ کے خاص شاگردوں میں سے تھے۔ آپ اپنے استاد کی از حد قدر کیا کرتے تھے اور ان کی خدمت میں زیادہ وقت گزارتے تھے۔ آپ نے ابوہریرہ سے نہ صرف حدیث کی تعلیم حاصل کی بلکہ معلم کائنات حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مطہرہ کے مختلف مظاہر و محاسن کی آگاہی بھی حاصل کی۔ ہمام بن منبہ اپنے استاد اور رہبر و رہنما ابوہریرہ سے مختلف نکات کے بارے میں سوالات کرتے رہتے تھے اور ان کے سیر حاصل جواب پاتے تھے۔ آپ اپنے استاد کے اس قدر مقرب ہو گئے کہ انہوں نے آپ کو ایک صحیفہ حدیث عنایت کیا جس کی آپ نے تاعمر انتہائی عقیدت و محبت کے ساتھ حفاظت بھی کی اور ان احادیث کو حتی الامکان دوسروں تک بھی پہنچایا۔

وفات

ہمام بن منبہ نے مختلف اسلامی جنگوں میں بھی بھرپور حصہ لیا اور مجاہد ہونے کے ساتھ ساتھ غازی کا مرتبہ بھی حاصل کیا۔ آپ نے لمبی عمر پائی اور 131ھ بمطابق 749ء میں اپنے وطن صنعاء میں ہی وفات پائی۔

## احادیث

(1) سید الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ”ہم تمام امتوں کے بعد ہونے کے باوجود قیامت میں سب سے آگے رہیں گے، فرق صرف یہ ہے کہ کتاب انہیں ہم سے پہلے دی گئی تھی، اور ہمیں ان کے بعد۔ پس یہی (جمعہ) ان کا بھی دن تھا جو ان پر فرض کیا گیا۔ (لیکن) ان لوگوں نے اس کے بارے میں اختلاف کیا، پس اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ دن بتا دیا، اس لیے وہ (اس میں) ہمارے تابع ہو گئے۔ یہود دوسرے دن ہوں گے، اور نصاریٰ تیسرے دن۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، رقم: 238-876 - صحيح مسلم، كتاب الجمعة، رقم: 856، وحدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبوهريرة عن محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم ... - مسند أحمد، رقم: 8100 - مسند حميدي، رقم: 954 - مسند أبويعلى، رقم: 6269 - سنن نسائي، رقم: 1367 - صحيح ابن خزيمة، رقم: 1720 - شرح السنة: 4/200-201.»

(2) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میری اور دوسرے انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے گھر بنائے، اور انہیں خوب آراستہ پیراستہ کر کے مکمل کر دیا، لیکن گھروں کے کناروں میں سے ایک کنارے پر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی، اب تمام لوگ آتے ہیں اور (عمارت کو) چاروں طرف سے گھوم کر دیکھتے ہیں، اور وہ عمارت انہیں تعجب میں ڈالتی ہے لیکن یہ بھی کہتے ہیں کہ یہاں پر ایک اینٹ کیوں نہ رکھی گئی؟ جس سے اس (عمارت) کی تعمیر مکمل ہو جاتی۔“ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میں ہی وہ اینٹ ہوں۔“

تخريج الحديث: «صحيح البخاري، كتاب المناقب، رقم: 3534، 3535 - صحيح مسلم، كتاب الفضائل، رقم: 2686، وحدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبوهريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث، منها: ... - مسند أحمد، رقم: 8101 - مسند حميدي، رقم: 1037 - صحيح ابن حبان، رقم: 6407 - أمثال الحديث، رقم: 20 - شرح السنة: 13/199 - الشريعة للآجري، ص 456.»

(3) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”بخیل اور صدقہ دینے والے کی مثال ایسے دو شخصوں کی سی ہے جن کے بدن پر لوہے کے دو کرتے یا دو زرہیں ہوں، جو ان کی چھاتی یا ہنسلی تک ہوں۔ جب صدقہ دینے والا کوئی چیز صدقہ کرتا ہے تو وہ اس کے جسم سے دور ہٹتا جاتا ہے، اور اس کی انگلیوں کو چھپا دیتا ہے اور (چلنے

میں) اس کے پاوں کا نشان مٹتا جاتا ہے۔ اور بخیل جب بھی کوئی چیز خرچ کرتا ہے یا خرچ کرنے کا اپنے دل میں ارادہ کرتا ہے تو اس کرتے یا زرہ کا ہر حلقہ اپنی جگہ کاٹنے لگتا ہے۔ بخیل اسے کشادہ کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن وہ کشادہ نہیں ہو پاتا۔“

تخریج الحدیث: «صحیح البخاري، کتاب الزکوٰۃ، رقم: 1443، 1444، وکتاب الجهاد والسیر، رقم: 2917، وکتاب الطلاق، رقم: 5299، وکتاب اللباس، رقم: 5797 - صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، رقم: 1021 - مسند أحمد، رقم: 7331، 7477، 9045، 10780، حدثنا عبدالرزاق بن همام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبوهريرة عن رسول الله صلى الله علیه و سلم .... - شرح السنة: 6/1571.»

(4) اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میری مثال ایسے شخص کی سی ہے جس نے آگ روشن کی ہو۔ پھر جب اطراف کی چیزیں روشن ہو جاتی ہیں تو پروانے اور کیڑے مکوڑے جو آگ میں گرا کرتے ہیں، اس میں گرنے لگے ہوں، اور وہ شخص ان کو روکنے لگتا ہے لیکن وہ اس (شخص) پر غالب آ جاتے ہیں اور آگ میں گرنے لگتے ہیں۔“ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”پس میری اور تمہاری مثال یہی ہے، میں تمہیں تمہاری کمروں سے پکڑ کر آگ سے بچانا چاہتا ہوں (اور پکار پکار کر کہتا ہوں کہ) آگ سے بچو، آگ سے بچ جاؤ، مگر تم مجھ پر غالب آ جاتے ہو اور آگ میں گھستے ہی چلے جاتے ہو۔“

تخريج الحديث: «مسند أحمد، رقم: 8102 - صحيح بخاري، رقم: 3426، 6483 - صحيح مسلم، كتاب الفضائل، رقم: 2384، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث، منها: .... - شرح السنة: 1/197-198، رقم: 98.»

(5) رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یقیناً جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے میں ایک سوار سو (۱۰۰) سال تک چلتا رہے تو بھی اس کو ختم نہ کرے گا۔"

تخريج الحديث: «صحيح البخاري، كتاب بدء الخلق، رقم: 3252، وكتاب التفسير، رقم: 4881 - صحيح مسلم، كتاب الجنة، رقم: 2826، 2827، 2828 - شرح السنة: 15/207، رقم: 437 - مصنف عبدالرزاق، رقم: 20877، عن معمر، عن همام عن أبى هريرة قال: .... - مسند الحميدي، رقم: 1131 - صحيح ابن حبان، رقم: 8411 - البعث والنشور: 268 - مشيخة ابن الجوزي، ص: 182-183 - صفة الجنة لأبي نعيم، رقم: 403 - مسند أبى يعلىٰ، رقم: 5853 - مسند أحمد، رقم: 9243، 9650، 9832، 9870، 9950، 10065، 10259.»

(6) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بدگمانی سے بچتے رہو، بدگمانی سے بچتے رہو، کیونکہ بدگمانی کی

باتیں اکثر جھوٹی ہوتی ہیں، اور (بغیر نیت خرید کے) کسی کے بھاؤ پر بھاؤ نہ بڑھاؤ، اور آپس میں حسد نہ کرو، اور نہ نفسانیت سے ایک دوسرے سے آگے بڑھو، اور آپس میں دشمنی پیدا نہ کرو، اور کسی کی پیٹھ پیچھے برائی نہ کرو، بلکہ سب اللہ کے بندے آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الأدب، رقم: 6064، حدثنا بشر بن محمد: اخجمنا عبدالله، أخبرنا معمر، عن همام بن منبه، عن أبى هريرة .... - صحيح مسلم، رقم: 6536 - مسند أحمد، رقم: 7858، 10001، 10701 - سنن ترمذي، رقم: 1988 - مؤطا، كتاب حسن الخلق، باب ما جاء فى المهاجرة، رقم: 15 - شرح السنة: 13/110 - مصنف عبدالرزاق: 11/169، رقم: 20228 - أدب المفرد، رقم: 410 - صحيح ابن حبان، رقم: 5687 - سنن أبوداؤد، رقم: 4917 - سنن الكبرىٰ للبيهقي: 6/85، 8/333، 10/231.»

(7) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جمعہ کے دن ایک ایسی گھڑی آتی ہے جس میں اگر کوئی مسلمان بندہ کھڑا نماز پڑھ رہا ہو اور کوئی چیز اپنے رب سے مانگے تو اللہ اسے وہ چیز ضرور دیتا ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الجمعة، باب في الساعة التي في يوم الجمعة، رقم: 852، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - صحيح بخاري، كتاب الجمعة، رقم: 935 - مؤطا، ص: 88، باب ما جاء فى الساعة التي في

يوم الجمعة - مصنف عبدالرزاق، رقم: 5571 - شرح السنة: 4/206، رقم: 1049 - مسند أحمد، رقم: 7151، 7487، 7688، 8119، 10465.»

(8) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”رات اور دن میں فرشتوں کی ڈیوٹیاں بدلتی رہتی ہیں، اور فجر اور عصر کی نمازوں میں (ڈیوٹی پر آنے والوں اور رخصت پانے والوں کا) اجتماع ہوتا ہے۔ پھر تمہارے پاس رہنے والے فرشتے جب اوپر چڑھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے، حالانکہ وہ ان سے بہت زیادہ اپنے بندوں کے متعلق جانتا ہے، کہ میرے بندوں کو تم نے کس حال میں چھوڑا؟ وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم نے جب انہیں چھوڑا تو وہ (فجر کی) نماز پڑھ رہے تھے اور جب ان کے پاس گئے، تب بھی وہ (عصر کی) نماز پڑھ رہے تھے۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب المساجد، باب فضل صلاتي الصبح والعصر والمحافظة عليهما، رقم: 632، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر، عن همام بن منبه، عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - صحيح بخاري، كتاب مواقيت الصلاة، رقم: 555 - شرح السنة: 2/227 - صحيح ابن حبان، رقم: 1727 - مؤطا، ص: 132، كتاب قصر الصلاة فى السفر، باب جامع الصلاة.»

(9) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب تک تم میں سے کوئی اپنے مصلیٰ پر جہاں اس نے نماز پڑھی تھی، بیٹھا رہے اور وہ بےوضو نہ ہو، تو فرشتے اس کے

لیے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں: اے اللہ! اسے بخش دے، اے اللہ! اس پر رحم کر۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الأذان، رقم: 959، وكتاب البيوع، رقم: 2119، وكتاب بدء الخلق، رقم: 32290، 4717 - صحيح مسلم، رقم: 1506 - مصنف عبدالرزاق: 1/580 - مسند أحمد: 16/32، رقم: 8106/7، حدثنا عبدالرزاق بن همام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - شرح السنة: 2/369 - مؤطا مالك: 9، 117، كتاب قصر الصلاة فى السفر (18) باب انتظار الصلاة والمشي إليها.»

(10) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب تم میں سے کوئی آمین کہے، اور فرشتوں نے بھی (اسی وقت) آسمان میں (آمین کہی) اس طرح ایک کی آمین دوسرے کی آمین کے ساتھ مل گئی تو اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الصلوٰة، باب التسميع والتحميد والتأمين، رقم: 75/410، حدثنا محمد بن رافع، قال: حدثنا عبدالرزاق، قال: حدثنا معمر عن همام بن منبه، عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم بمثله .... - صحيح بخاري، رقم: 781، 6402 - مصنف عبدالرزاق: 2/97، 98 - مسند أحمد: 16/32، برقم: 8107/8 - السنن الكبرىٰ للبيهقي: 1/55، 56 - مؤطا مالك: 1/87-88، كتاب الصلوٰة، باب ما جاء فى التأمين خلف الإمام، رقم: 45-46.»

(11) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ ایک آدمی قربانی کے جانور کو اس کے گلے میں پٹہ ڈالے پیدل ہانکے چلا جا رہا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: ”اس پر سوار ہو جا“، اس شخص نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ قربانی کا جانور ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”تجھ پر افسوس ہے! اس پر سوار ہو جا، تجھ پر افسوس ہے! اس پر سوار بھی ہو جا۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الحج، باب جواز ركوب البدنة المهداة لمن احتاج إليها، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر، عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها: وقال ....، رقم: 3208، 3210 - صحيح بخاري، رقم: 1689، 1690، 2755، 6160 - مسند أحمد: 16/33، رقم: 8108/9 - سنن نسائي، رقم: 2801 - سنن أبوداؤد، رقم: 1760 - سنن ترمذي، رقم: 911، عن أنس - شرح السنة: 7/195-196، رقم: 1955 - مؤطا، ص: 246 (19)، كتاب الحج (45)، باب ما يجوز من الهدي - السنن الكبرىٰ للبيهقي: 5/236، كتاب الحج، باب ركوب البدنة إذا اضطر إليه.»

(12) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے! جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تمہیں بھی معلوم ہو جائے تو تم روتے زیادہ اور کم ہنستے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الايمان والنذور، رقم: 6637، حدثنا إبراهيم بن موسیٰ: أخبرنا هشام - هو ابن يوسف - عن معمر، عن همام، عن أبی هريرة قال: قال أبوالقاسم صلى الله عليه وسلم .... - صحيح مسلم، كتاب الصلاة، رقم: 961- مسند أحمد: 16/34، رقم: 8109/10 - شرح السنة: 14/368، رقم: 4170 - سنن ترمذي، رقم: 2313 . سنن ابن ماجه، رقم: 4191- سنن دارمي، رقم: 2735 - مؤطا، كتاب الصلاة، حديث رقم: 1.»

(13) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی کو مارے تو چہرے (پر مارنے) سے اجتناب کرے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب العتق، رقم: 2559، حدثني عبدالله بن محمد: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر، عن همام عن أبی هريرة رضی الله عنه عنه.... - صحيح مسلم، رقم: 6651، 6656 - شرح السنة: 10/265 - مسند أحمد، رقم: 8339 - مسند حميدي، رقم: 1121 - مسند أبی يعلیٰ، رقم: 6274 - صحيح ابن حبان، رقم: 5605 - الشريعة للآجري، ص: 314 - السنن الكبریٰ للبيهقي: 8/327 - سنن أبوداؤد، رقم: 4493.»

(14) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”تمہاری یہ آگ جو بنی آدم جلاتے ہیں (حرارت میں) جہنم کی آگ سے ستر (۷۰) حصوں میں سے ایک حصہ ہے“، لوگوں نے کہا: اللہ کی قسم یا رسول اللہ! ہم (گنہگاروں کے عذاب کے لیے

تو) یہ (ہماری دنیا کی) آگ بھی بہت تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (جواباً) فرمایا: ”جہنم کی آگ اس (دنیا کی آگ سے) انہتر (۶۹) درجے زیادہ ہے اور ان میں سے ہر ہر درجہ حرارت میں اسی کے مثل ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الجنة، وصفة نعيمها وأهلها، باب جهنم أعاذنا الله منها، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر، عن همام بن منبه، عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم، بمثل حديث أبى الزناد غير أنه قال: كلهن مثل حرها، رقم: 7166 - صحيح بخاري، رقم: 3265 - مصنف عبدالرزاق: 11/423، رقم: 20897 - مسند أحمد: 16/35، رقم: 8111/12 - مؤطا، ص: 614 (57)، كتاب جهنم (1)، باب ما جاء فى صفة جهنم.» لیکن یہاں پر بخاری اور مؤطا کی روایت میں تھوڑا اختلاف ہے۔

(15) رسول اللہ صلی للہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا تو اپنی کتاب (لوح محفوظ) میں، جو اس کے عرش پر موجود ہے، اس نے لکھا کہ ”بے شک میری رحمت میرے غصہ پر غالب ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب بدء الخلق، رقم: 3194، وكتاب التوحيد، رقم: 7404، 7453، 7553، 7554 - صحيح مسلم، رقم: 6969، 6970، 6971 - مسند أحمد: 16/35، رقم: 8112/13، حدثنا عبدالرزاق بن همام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - شرح السنة: 14/375 -

سـنن الترمذي، رقم: 3563 - سـنن ابن ماجه، رقم: 4295 - مسند حميدي، رقم: 1126 - ابن خزيمة فی التوحيد، ص: 7 - صـحيح ابن حبان، رقم: 6145 - الأسـماء والصـفات للبيهقي: 2/8 - تحفة الأشراف: 10/250، رقم: 14139.»

(16) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”روزہ ڈھال ہے، پس اگر تم میں سے کوئی شخص کسی دن روزہ دار ہو، نہ تو جہالت سے پیش آئے اور نہ ہی فحش کلامی کرے۔ پس اگر کوئی شخص اس سے لڑائی کرے یا اسے گالی دے تو اس (روزہ دار) کو چاہیے کہ (جواباً) کہے: میں روزہ دار ہوں، میں روزہ دار ہوں۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الصوم، رقم: 1894، 1904 - صحيح مسلم، كتاب الصيام، رقم: 2705، 2706 - سنن ترمذي، رقم: 764 - مصنف عبدالرزاق، رقم: 8443 - شرح السنة: 6/225، 226 - مؤطا امام مالك: 1/310 (18)، كتاب الصيام (22)، باب جامع الصيام - مسند أحمد: 16/36، رقم: 1813/14، حدثنا عبدالرزاق بن همام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مشكوٰة، رقم: 1959.»

(17) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری محمد ( صلی اللہ علیہ وسلم ) کی جان ہے! روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ اور پاکیزہ ہے۔ (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) بندہ اپنی شہوت، اپنا کھانا، اور

اپنا پینا میرے لیے چھوڑتا ہے، پس روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کا بدلہ دوں گا۔“

تخریج الحدیث: «صحیح بخاري، کتاب الصوم، رقم: 1894، 1904 - صحیح مسلم، کتاب الصیام، رقم: 2703، 2704، 2706، 2707، 2708 - سنن ترمذي، رقم: 764 - مسند أحمد: 16/37، رقم: 8114/15، حدثنا عبدالرزاق بن همام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - شرح السنة: 6/225، 226 - مؤطا امام مالك: 1/310 (18)، كتاب الصيام (22)، باب جامع الصيام - مشكوٰة، رقم: 1959.»

(18) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”انبیاء میں سے ایک نبی ایک درخت کے سائے میں اترے، وہاں انہیں ایک چیونٹی نے کاٹ لیا، تو انہوں نے حکم دیا، چنانچہ ان کا سارا سامان درخت کے نیچے سے اٹھا لیا گیا، پھر چیونٹیوں کو آگ لگوا کر جلا ڈالا، اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی بھیجی کہ تم کو تو ایک ہی چیونٹی نے کاٹا تھا، فقط اسی کو جلانا تھا۔“

تخریج الحدیث: «صحیح مسلم، کتاب السلام، رقم: 5851، حدثنا محمد بن رافع: قال حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبوهريرة، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها: قال .... - صحيح بخاري، كتاب الجهاد والسير، رقم: 319، وكتاب بدء الخلق،

رقم: 3319 - شـرح السـنة: 12/197، 198، رقم: 3268 - مسند أحمد: 16/39، 40، رقم: 8115/16.»

(19) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر مجھے مومنوں پر دشواری کا احتمال نہ ہوتا تو میں اللہ کی راہ میں لڑنے والی کسی جماعت سے پیچھے نہ بیٹھتا۔ لیکن خود میرے پاس اتنی وسعت نہیں کہ میں ان سب کو سوار کر کے اپنے ساتھ لے چلوں، اور انہیں بھی اتنی سواریاں میسر نہیں کہ وہ ان پر سوار ہو کر میرے ساتھ چلیں، اور نہ وہ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ میرے (جانے کے بعد) وہ پیچھے بیٹھے رہیں۔“

تخریج الحدیث: «صحيح مسلم، كتاب الامارة، رقم: 4863 - حدثنا محمد بن رافع: قال حدثنا عبدالرزاق: قال حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - صحيح بخاري، كتاب الايمان، رقم: 36، كتاب الجهاد والسير، 2972، 2797 - مصنف عبدالرزاق: 5/253، رقم: 9529 - مسند أحمد: 16/38، رقم: 8116/17.»

(20) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”ہر نبی کو ایک دعا حاصل ہوتی ہے جو قبول کی جاتی ہے۔ پس ان شاء اللہ میں چاہتا ہوں کہ میں اپنی دعا کو قیامت تک اپنی امت کی شفاعت کے لیے ملتوی اور مؤخر رکھوں۔“

تخریج الحدیث: «صـــحيح بخـاري، كتـاب الـدعوات، رقم: 6304، 6305، وكتاب التوحيد، 7474 - صحيح مسلم، كتاب الايمـان، رقم: 487، 488، 489، 490، 492، 493، 494، 498 - سنن ترمذي، رقم: 3602 - مسند أحمد: 16/39، رقم: 8117/18، حدثنـا عبدالرزاق بن همـام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسـلم .... - تفسـير عبدالرزاق، ص: 150 - شــرح السنة: 5/5، رقم: 1235.»

(21) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو شخص اللہ کے ملنے کو دوست رکھتا ہے، اللہ بھی اس سے ملنے کو دوست رکھتا ہے، اور جو اللہ سے ملنے کو پسند نہیں کرتا، اللہ بھی اس سے ملنے کو پسند نہیں کرتا۔“

تخریج الحدیث: «صحيح بخاري، كتاب الرقاق، رقم: 6507، 6508، وكتاب التوحيد، رقم: 7504 - صـــحيح مســلم، كتاب الذكر والدعـا، رقم: 6822، 6824، 6826، 6828 - مســـند أحمد: 16/39، رقم: 8118/19، حدثنـا عبدالرزاق بن همـام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - سنن نسائي، رقم: 1834 - سنن ابن ماجه، رقم: 4264.»

(22) رسـول اللہ صـلی اللہ علیہ وسـلم نے فرمایا: ”جس نے میری اطاعت کی گویا اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نـافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی، اور جس نے (میرے مقرر کیے ہوئے) امیر کی اطـاعت کی

گویا اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الامارة، رقم: 4752، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر، عن همام بن منبه، عن أبى هريرة، عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - صحيح بخاري، كتاب الجهاد، رقم: 2957، وكتاب الأحكام، رقم: 7137 - مسند أحمد: 16/39، 40، رقم: 8119/20 - شرح السنة: 10/41، رقم: 2651.»

(23) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک تم میں مال کی کثرت نہ ہو جائے، پس وہ بہہ پڑے گا، یہاں تک کہ مالدار کو اس بات کی فکر ہو گی کہ میری زکوٰۃ مجھ سے کون قبول کرے گا“، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اور علم اٹھا لیا جائے گا، اور زمانہ (قیامت سے) قریب ہو جائے گا، اور فتنے ظاہر ہوں گے اور ہرج کثرت سے ہو گا“، لوگوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! (ہرج) کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قتل و غارت، قتل و غارت۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الزكاة، رقم: 1412، وكتاب الفتن، رقم: 7061 - صحيح مسلم، كتاب الزكاة، رقم: 2339، 2340 - مسند أحمد: 16/40، رقم: 8120/21، 22، حدثنا عبدالرزاق بن همام: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - شرح السنة: 15/38، 39.»

(24) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہو گی جب تک دو بڑی جماعتیں آپس میں جنگ نہ کر لیں، دونوں میں بڑی بھاری جنگ ہو گی، حالانکہ دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہو گا۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب المناقب، رقم: 3609، حدثنا عبدالله بن محمد: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام، عن أبى هريرة رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - صحيح مسلم، كتاب الفتن، رقم: 7256، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها: وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/41، رقم: 8121/3 - شرح السنة: 15/38، رقم: 4242.»

(25) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہو گی جب تک تقریباً تیس جھوٹے دجال نہ نکلیں، ان میں سے ہر ایک کا یہی گمان ہو گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب المناقب، رقم: 3608، حدثني عبدالله بن محمد: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام عن أبى هريرة رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - صحيح مسلم، كتاب الفتن، رقم: 7342 - مسند أحمد: 16/42، رقم: 8122 - شرح السنة: 15/38، باب قتال الترك واليهود، رقم: 244.»

(26) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”قیامت اس وقت تک قائم نہ ہو گی جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہو گا۔ (پھر اس کے بعد) جب وہ طلوع ہو گا تو لوگ اسے دیکھتے ہی ایمان لے آئیں گے، مگر یہ ایسا مرحلہ ہو گا جب کسی نفس کے لیے اس کا ایمان قبول کر لینا سود مند نہ ہو گا۔ کیونکہ اس سے پہلے نہ تو اس نے ایمان قبول کیا تھا اور نہ ہی اپنے ایمان سے (کسی) اچھائی کو حاصل کیا تھا۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب التفسير، باب قول تعالىٰ: ﴿هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمْ﴾ رقم: 4636، حدثني إسحاق: أخبرنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام عن أبى هريرة رضى الله عنه قال: .... - صحيح مسلم، كتاب الإيمان، باب بيان الزمن الذي لا يقبل منه الإيمان، رقم: 397، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، عن أبى هريرة رضى الله عنه .... - مسند أحمد: 168/42، رقم: 8123/25.»

(27) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب نماز کے لیے (اذان) ہوتی ہے، تو شیطان پیٹھ پھیر کر گوز مارتا ہوا بھاگ نکلتا ہے، جس سے اسے اذان کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ جب ندائے صلٰوۃ اختتام کو پہنچ جاتی ہے، تو پھر وہ لوٹ آتا ہے۔ اس کے بعد جب نماز کے لیے تکبیر کہی جاتی ہے، تو پھر وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا ہے اور جب تکبیر اختتام کو پہنچ جاتی ہے۔ تو (وہ) نمازی کے دل میں کھٹکا ڈالتا ہے اور کہتا ہے کہ فلاں بات یاد کر، فلاں واقع یاد کر،

جو اس سے پہلے اس کو یاد نہیں ہوتا۔ حتیٰ کہ نمازی کو یہ یاد نہیں رہتا، اس نے کتنی (رکعات) نماز پڑھی ہے۔“

تخريج الحديث: «صـــحيح بخاري، كتاب الأذان، رقم: 608، كتاب العمل فى الصــلاة، رقم: 1223 - صــحيح مســلم، كتاب الصلوٰة، باب فضل الأذان وهرب الشيطان عند سماعه، حدثنا محمد بن رافع: حدثنـا عبدالرزاق: حدثنـا معمر عن همـام بن منبه، عن أبى هريرة رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - سنن نسائي، رقم: 670 - صحيح سنن أبو داؤد، رقم: 529 - سلسلة الصحيحة، رقم: 52.»

(28) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ بھرا ہوا ہے اور شب و روز کا مسلسل خرچ کرنا بھی اس میں کمی نہیں کرتا۔ ذرا دیکھو! جب سے اس نے زمین و آسمان کی تخلیق کی ہے اس نے کس قدر خرچ کیا ہے؟ پھر بھی جو اس کے سیدھے ہاتھ میں ہے اس سے کچھ کم نہیں ہوا۔“ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا: ”اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر ہے اور اس کے دوسرے ہاتھ میں (اشیاء کی کمی بیشی) کی قدرت ہے۔ وہی (اشیاء کو) گراں اور ارزاں کرتا ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب التوحيد، رقم: 7419، حدثنا على بن عبدالله: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام: حدثنا أبو هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - صحيح مسلم، كتاب الزكاة، رقم: 37/993، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: بن همام: حدثنا معمر بن راشد عن

همام بن منبه أخي وهب بن منبه، قال: هذا حدثنا أبو هريرة عن النبی صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها وقال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - شرح السنة، باب ما يكره من إمساك المال، وما يؤمر به من الإنفاق: 6/154-155، رقم: 1656» .

(29) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! تم میں سے کسی شخص پر ایسا دن ضرور آئے گا جس میں وہ مجھے نہیں دیکھے گا، پھر ایسا دور آئے گا کہ اسے اپنے اہل اور مال کے دیکھنے کی بہ نسبت مجھے دیکھنا زیادہ محبوب ہو گا۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الفضائل، باب فضل النظر إليه صلى الله عليه وسلم وتمنيه، رقم: 42/2364، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/44 - شرح السنة: 14/55.»

(30) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”کسریٰ، یعنی شاہ ایران، ہلاک ہو جائے گا۔ پھر اس کے بعد کوئی (دوسرا) کسریٰ نہ ہو گا۔ (اسی طرح) قیصر، یعنی شاہ روم بھی ہلاک ہو جائے گا۔ پھر اس کے بعد کوئی دوسرا قیصر (پیدا) نہ ہو گا۔ اور تم ضرور بہ ضرور ان دونوں کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ کو دھوکہ سے موسوم کیا۔“

تخریج الحدیث: «صــــحیح بخاري، کتاب الجهاد، باب الحرب خدعـة، رقم: 2027، حدثنا عبدالله بن حمد: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنـا معمر عن همـام، عن أبی هریرة رضـــــی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: .... - صحیح مسلم: (4/2236-2237)، کتاب الفتن واشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتیٰ یمر الرجـل بقبر الرجـل ....، رقم: 76/2918، بـدون عبـارة "وسمي الحرب خدعة" حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنـا معمر عن همـام بن منبـه، قـال: لفظ مـا حدیث أبو هریرة عن رسول الله صلی الله علیه وسلم، فذکر أحادیث فیها: .... - شرح السنـة: 13/309، وقـال: هذا حدیث صحیح.

(31) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:"اللہ نے فرمایا: میں نے اپنے فرمانبردار بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جنہیں نہ کســی آنکھ نے دیکھا، نہ کســی کان نے سـنا اور نہ ہی کسـی انسـان کے دل میں ان کا خیال تک (پیدا) ہوا ہے۔"

تخریج الحدیث: «صحیح بخاري، کتاب التوحید، باب قول الله عز وجـل: ﴿يُرِيْـدُوْنَ أَنْ يُّبَـدِّلُوْا كَلَامَ اللـهِ﴾ رقم: 7498، حدثنـا معاذ بن أســد: أخبرنا عبدالله: أخبرنا معمر عن همام بن منبه، عن أبی هریرة رضـی الله عنه عن النبی صـلی الله علیه وسلم قال: .... - صحیح مسلم، کتاب الجنة وصفة نعیمها وأهلها (في أول الکتـاب)، رقم: 3/2824 - مسـند أحمد: 16/46 - مصـنف عبدالرزاق، کتـاب الجـامع، بـاب الجنـة وصـــفتها: 11/416 - شرح السنة، باب الصفة الجنة وأهلها: 15/206.»

(32) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب میں تمہیں چھوڑوں تم مجھے چھوڑ دو (یعنی جن مسائل سے بھی میں بےاعتنائی برتوں تو تم ان میں بےجا مداخلت نہ کرو) بلاشبہ تم میں سے گزشتہ امتیں اپنے (بےجا) سوال کرنے اور انبیاء کے ساتھ اختلاف کی وجہ سے ہلاک ہوئی تھیں۔ چنانچہ جب میں تمہیں کسی چیز سے منع کروں تو تم اس سے اجتناب کرو، اور جب میں تمہیں کسی کام کا حکم دوں تو تم حتیٰ المقدور اس کی تعمیل کرو۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الفضائل، باب توقير صلى الله عليه وسلم وترك إكثار سؤاله عما لا ضرورة إليه، أو لا يتعلق به تكليف، وما لا يقع، رقم: 6115، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام بن منبه، عن أبى هريرة .... - صحيح البخاري، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب الإقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم، رقم: 7288 - مسند أحمد: 16/46، رقم: 8129/31 - مصنف عبدالرزاق: 11/220، كتاب الجامع، باب مسئلة الناس - شرح السنة: 1/197، 199.»

(33) ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ کے ایک کم سو ننانوے نام ہیں جو شخص انہیں یاد کر لے گا، وہ جنت میں داخل ہو گا۔ اور یقیناً وہ (ذات باری تعالیٰ) طاق ہے اور طاق (عدد) کو محبوب رکھتا ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب التوحيد، رقم: 73921 وكتاب الدعوات، رقم: 6410 وكتاب الشروط، باب ما يجوز

من الاشتراط والثنيا فى الإقرار، رقم: 2736 - صحيح مسلم، كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب فى أسماء الله تعالىٰ وفضل من أحصاها، رقم: 6/2677، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا معمر عن أيوب، عن ابن سيرين عن أبى هريرة وعن همام بن منبه، عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: .... وزاد همام بن منبه عن النبى صلى الله عليه وسلم "انه وتر يحب الوتر" - مسند أحمد: 16/4 - مصنف عبدالرزاق، كتاب الجامع، أسماء الله تعالىٰ: 10/445، 446 - شرح السنة، باب أسماء الله الحسنىٰ: 5/30، ثم قال: هذا حديث متفق على صحته.»

(34) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب تم میں سے کوئی شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو مال اور شکل و صورت میں اس سے بڑھ کر ہے تو اسے ایسے شخص کا دھیان کرنا چاہئے جو اس سے کم درجہ کا ہے۔"

تخریج الحدیث: «صحيح البخاري، كتاب الرقاق، باب ينظر إلى من هو أسفل منه، ولا ينظر إلى من هو فوقه، رقم: 6490 - صحيح مسلم، كتاب الزهد والرقائق: 7429، وحدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم، وذلك احالة على حديث ما قبله .... - مسند أحمد: 16/49 - شرح السنة، باب النظر إلى من هو أسفل: 140/292، وقال: هذا حديث متفق على صحته.»

(35) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب تم میں سے کسی کے برتن میں کتا منہ ڈال لے تو اس برتن کو (پاکی کے لیے) سات مرتبہ دھونا چاہیے۔“

تخريج الحديث: «صحيح مسلم، كتاب الطهارة، باب حكم ولوغ الكلب، رقم: 652، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها: وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/49 - مصنف عبدالرزاق، باب الكلب يلغ فى الإناء، ولفظه ”طهور إناء أحدكم إذا وَلَغَ فيه الكلب أن يغسله سبع مرات“: 1/96، رقم: 329 - السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الطهارة، باب غسل الإناء من ولوغ الكلب سبع مرات: 1/340.»

(36) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:”مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! یقیناً میں نے پختہ عزم کیا تھا، اپنے جوانوں کو حکم دوں کہ وہ میرے لیے لکڑیوں کی گٹھڑیاں تیار کریں، پھر میں کسی کو حکم دوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ بعدازاں گھروں کو ان مکینوں سمیت جلا دیں (جو باجماعت نماز میں شامل نہیں ہوئے)۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الأذان، باب وجوب صلوٰة الجماعة، رقم: 644 - صحيح مسلم، كتاب المساجد ومواضع الصلوٰة، باب فضل الجماعة، رقم: 253/651 - وحدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام

بن منبه، قال هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها: وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/10 - السنن الكبرىٰ للبيهقي: 3/55 - كتاب الصلوٰة، باب ما جاء من التشديد فی ترك الجماعة من غير عذر - مصنف عبدالرزاق: 517، 518، رقم: 1985، باب شهود الجماعة.»

(37) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:”جب تم میں سے کسی کے جوتے کا تسمہ یا پٹی ٹوٹ جائے تو وہ اس حالت میں نہ چلے کہ ایک پاؤں میں جوتا اور دوسرا پاؤں ننگا ہو، بلکہ وہ دونوں پاؤں سے جوتے اتار دے یا دونوں پاؤں ننگے رکھ کر چلے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب اللباس، باب لا يمشي فی نعل واحدة، رقم: 5855 - صحيح مسلم، كتاب اللباس والزينة، باب استحباب لبس النعل فی اليمنٰی أولا، والخلع من اليسرىٰ أولا، وكراهة المشي فی نعل واحدة، رقم: 68/2097 و 69/2098 - مسند أحمد: 16/51، رقم: 8136/38 وحدثنا عبدالرزاق بن همام، حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم - شرح السنة: 12/77، باب لا يمش فی نعل واحد.»

(38) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”(اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) نذر ابن آدم کو ایسی چیز نہیں دیتی جو میں نے اس کے مقدر میں نہ لکھی ہو، بلکہ نذر اسے اس چیز سے ہمکنار کرتی ہے جو میں نے اس کے مقدر میں لکھ دی

ہے۔ میں اس کے ذریعے بخیل سے مال نکلواتا ہوں اور نذر کے باعث وہ مجھے اس قدر دیتا ہے، جتنا وہ مجھے نذر سے قبل نہیں دے سکتا تھا۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب القدر، باب ايفاء النذر العبد إلى القدر، رقم: 6609، حدثنا بشـــر بن محمد: أخبرنا عبدالله، أخبرنا معمر، عن همام بن منبه، عن أبى هريرة رضـي الله عنه، عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: .... - صـحيح مسـلم، كتاب النذر، باب النهى عن النذر وأنه لايرد شـيئا، رقم: 2، 3، 4/1629 - مسـند أحمد: 16/51، رقم: 8137/39، بسـنده للصـحيفة وفيه: ”ولكن يلقيه النذر بما قد قدرته له“.»

(39) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ نے مجھے ارشـاد فرمایا: (اے میرے بندے!) تو خیر کے راستہ میں اپنا مال خرچ کر، تو میں تجھ پر خرچ کروں گا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ کا نام دھوکہ و چال بازی رکھا ہے۔“

تخريج الحديث: «صـحيح بخاري، كتاب التفسـير، باب قوله ”وكان عرشـه على الماء“، رقم: 4684، وكتاب النفقات، باب فضل النفقة على الأهل، رقم: 5352 - صـحيح مسـلم، كتاب الزكاة، باب الحث على النفقة وتبشير المنفق بالخلف، 36/993، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق بن همام: حدثنا معمر عن راشـد عن همام بن منبه أخي وهب بن منبه قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسـول الله صلى الله عليه وسـلم، فذكر

أحاديث منها: وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/52، 35، رقم: 8138/40، 41 - شـرح السـنة: 6/154، رقم: 1656، وقال هذا حديث متفق عليه على صحته.»

(40) رسـول اللہ صـلی اللہ علیہ وسـلم نے ارشـاد فرمایا: ”عیسیٰ علیہ السلام نے کسی شخص کو چوری کرتے ہوئے دیکھا (تو اسـے کہنے لگے) کیا تو نے چوری کی ہے؟ اس پر اس شـخص نے کہا ہرگز نہیں، مجھے اس ذات کی قسـم جس کے سـوا کوئی معبود برحق نہیں (میں نے چوری نہیں کی) چناچہ عیسـیٰ علیہ السـلام نے فرمایا: میں اللہ پر ایمان رکھتا ہوں اور (تیرے قسـم کھانے کے سـبب) میں اپنی آنکھوں کو جھوٹا قرار دیتا ہوں۔“

تخريج الحديث: «صـحيح بخاري، كتاب أحاديث الأنبياء، باب قول الله ﴿وَاذْكُرْ فِيْ الْكِتٰبِ مَرْيَمَ﴾، رقم: 3444، حدثنا عبدالله بن محمد: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام، عن أبى هريرة رضـي الله عنه، عن النبى صـلى الله عليه وسـلم قال: .... - صـحيح مسلم، كتاب الفضـائل، باب فضـائل عيسىٰ عليه السـلام، رقم: 146/2368، حـدثنـا محمـد بن رافع: حـدثنـا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها: وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/53، رقم 8139/42 - شرح السنة: 13/99، باب الستر، وقال: هذا حديث متفق عليه.»

(41) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:”بذریعہ رعب میری نصرت کی گئی ہے اور مجھے جامع کلمات عطا کیے گئے ہیں۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الجهاد، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم نصرت بالرعب مسيرة شهر، رقم: 2977 - صحيح مسلم، كتاب المساجد ومواضع الصلوٰة، رقم: 8/523، وحدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه سلم .... - مسند أحمد: 16/50.»

(42) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:”میں ذاتی طور پر نہ تو تمہیں کوئی چیز عطاء کرتا ہوں اور نہ ہی کسی چیز سے تمہیں روکتا ہوں میں محض خازن ہوں، میں مال وہاں تصرف میں لاتا ہوں جہاں مجھے حکم دیا گیا ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب فرض الخمس، باب قول الله تعالٰى ﴿فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ﴾، رقم: 3117 - سنن أبى داؤد، كتاب الخراج والإمارة، باب فيما يلزم الأمارة من أمر الرعيه والحجة عنهم، رقم: 2949، حدثنا سلمة بن شبيب: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا به أبو هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/53، رقم: 8140/42 - شرح السنة: 11/95، 96، باب حل الغنيمة لهذه الأمه.»

(43) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”امام اسی لیے ہوتا ہے کہ (نماز میں) اس کی اقتداء کی جائے، اس کی خلاف ورزی نہ کرو، چناچہ جب وہ ”اللہ اکبر“ کہے تو تم ”اللہ اکبر“ کہو جب وہ رکوع کرے تم بھی رکوع کرو۔ جب وہ ”سمع اللہ لمن حمدہ“ کہے تو تم (اس کے جواب میں) ”اللھم ربنا لک الحمد“ کہو، جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو اور جب امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري: كتاب الأذان، باب إقامة الصف من تمام الصلوٰة، رقم: 722، حدثنا عبدالله بن محمد: حدثنا عبدالرزاق: أخبرنا معمر عن همام عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم، أنه قال: .... - صحيح مسلم، كتاب الصلاة، باب ائتمام المأموم بالإمام، رقم: 931، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه، عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم بمثله.... - مسند أحمد: 16/55، رقم: 8141/44 - مصنف عبدالرزاق: 2/461، باب هل يؤم الرجل جالسًا - شرح السنة: 3/321، 322، باب إذا صلى الإمام قاعدًا، وقال: هذا حديث متفق على صحته.»

(44) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”نماز میں صف بندی کا خاص اہتمام کرو، کیونکہ نماز کا حسن صف بندی پر موقوف ہے۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الأذان، باب إقامة الصف من تمام الصلوٰة، رقم: 722، حدثنا عبدالله بن محمد:

حدثنا عبدالرزاق: أخبر معمر عن همام عن أبی هريرة عن النبی صلی الله عليه وسلم، أنه قال: .... - صحيح مسلم، كتاب الصلوٰة، باب تسوية الصفوف وإقامتها، رقم: 124/433، حدثنا محمد بن رافع: حدثنا معمر عن همام بن منبه، قال: هذا ما حدثنا أبو هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر أحاديث منها: وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد: 16/55، رقم: 8142/45 - مصنف عبدالرزاق: 2/44، باب الصفوف، اختلاف ألفاظ، أقيموا الصفوف .... إقامة الصفوف .... إلخ، رقم: 2424 - شرح السنة: 3/422 وقال: هذا حديث متفق على صحته.»

(45) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”ایک مرتبہ آدم اور موسیٰ علیہ السلام کے درمیان جھگڑا ہوا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: آپ وہ آدم ہو جنہوں نے لوگوں کو محروم کیااور انہیں جنت سے نکلوا کر زمین کی طرف بھیج دیا؟ آدم علیہ السلام نے کہا: آپ وہ موسیٰ ہو جسے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا علم عطا کیا اور رسالت کے سبب دوسرے لوگوں پر فضیلت بخشی؟ موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: ہاں! (میں وہی ہوں) اس پر آدم علیہ السلام نے کہا: آپ مجھے اس عمل پر ملامت کرتے ہو جسے اللہ تعالیٰ نے میری پیدائش سے قبل لکھ دیا تھا کہ ایسا کام کروں گا؟ اس طرح آدم علیہ السلام نے موسیٰ علیہ اسلام کو لاجواب کر دیا۔“

تخريج الحديث: «صحيح بخاري، كتاب الأحاديث الأنبياء، باب وفاة موسیٰ وذكره، رقم: 3409، وكتاب القدر، رقم: 6614،

7515، 4738، 4736 - صـــحيح مســلم، كتاب القدر، باب حجاج آدم وموسىٰ عليهما السلام، رقم: 15/2652، حدثنا ابن رافع: حدثنا عبدالرزاق: حدثنا معمر عن همام بن منبه عن أبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم .... - مسند أحمد، رقم: 8143 - مصـــنف عبدالرزاق، كتاب الجامع، باب القدر، رقم: 20068 - شرح السنة، باب الإيمان بالقدر: 1/125.»

(46) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”ایک مرتبہ ایوب علیہ السلام (اپنے غسل خانہ میں) برہنہ غسل کر رہے تھے کہ (اچانک) ان پر سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں تو آپ علیہ السلام نے اسے اپنے کپڑوں میں سمیٹنا شروع کر دیا۔“ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اس پر ایوب علیہ السلام کو اس کے رب تعالیٰ نے آواز دی کہ اے ایوب! کیا ہم نے تمہیں اس چیز سے بے نیاز نہیں کیا، جسے تیری آنکھیں دیکھ رہی ہیں۔ انہوں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! کیوں نہیں؟ لیکن تیری برکت کے سوا مجھے کچھ کافی نہیں ہے۔“

